ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((506

20.10.25

**بہاول پور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے ایس ڈی پی او آفس سرکل احمد پور شرقیہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن اوپن ڈور پالیسی اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے ایس ڈی پی او آفس احمد پور شرقیہ میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سرکل احمد پور شرقیہ، ایس ایچ اوز و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال ایس ڈی پی او آفس احمد پور شرقیہ میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((507

20.10.25

**بہاولپور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور محمد حسن اقبال نے وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شفاف احتساب کے عمل کو یقینی بناتے ہوئے اپنے دفتر میں اردل روم کا انعقاد کیا۔اس موقع پر کرپشن، اختیارات سے تجاوز اور دیگر الزامات میں ملوث افسران واہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کرتے ہوئے مختلف سزائیں دی گئیں۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کہا کہ محکمہ پولیس میں جزاوسزا کا ایک منظم نظام موجود ہے،اور کسی کو بدعنوانی یااختیارات کے ناجائز استعمال کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ایسے اقدامات کا مقصد محکمہ پولیس میں پیشہ ورانہ شفافیت، نظم وضبط اور جواب دہی کو فروغ دینا ہے تا کہ عوام کو بہتر اور موثر پولیس سروس فراہم کی جاسکے۔**

تفصیلات کے مطابق، ڈی پی او بہاولپور نے محکمانہ انکوائریوں کے نتائج کی روشنی میں متعدد اہلکاروں کو اردل روم میں سزائیں سنائیں۔ایس ایچ او تھانہ قائم پور کو کرپشن اور اختیارات سے تجاوز کرنے کی شکایات پر کلوز ٹو لائن کیا گیا۔ایک اے ایس آئی کو خاتون کو ہراساں کرنے کے معاملے پر عہدے سے تنزلی کی سزادی گئی۔ایک ایس آئی کو اختیارات سے تجاوز پر، جبکہ دو کانسٹیبلان کو آن لائن غیر قانونی کارروائیوں میں ملوث ہونے پر محکمہ سے برطرف کیا گیا۔ایک ایس آئی کی تنخواہ قرقی کی گئی جبکہ گیارہ اہلکاروں کو سروس ضبطگی کی سزا سنائی گئی۔اسی طرح ایک اہلکار کو سنشور (Censure) جاری کی گئی۔ محکمہ میں صرف ایماندار، محنتی اور پروفیشنل افسران کے لیے جگہ ہے۔اختیارات کا ناجائز استعمال محکمہ کے وقار کو مجروح کرتا ہے اور عوام کا اعتماد متاثر کرتا ہے۔تمام افسران وملازمان اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر قانون کے مطابق اختیارات استعمال کریں تا کہ محکمہ میں بہتری اور عوام میں اعتماد بحال ہو۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**

